پریس ریلیز

بی او پی اور نسٹ کے درمیان معاہدہ

ملکی ترقی تعلیم کے فروغ اور معاشرے کے پسماندہ طبقات کو بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے بی او پی اور نسٹ نے اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور جدت کے لئے باہمی معاہدہ کیا۔

معاہدہ 31 دسمبر 2020 کو اسلام آباد کے سرینا ہوٹل میں ظفر مسعود (صدر اور سی ای او بی او پی) اور لیفٹیننٹ جنرل انجینیئر جاوید محمود بخاری ہلال امتیاز-ملٹری ریٹائرڈ (ریکٹر نسٹ) کے درمیان ہوا۔ نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت، بی او پی چند ہونہار طالب علم کو اعلیٰ تعلیم کے لئے فنانسنگ مہیا کرے گا۔ اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے، ان کی جانب سے شروع کئے گئے کاروبار اور بینکنگ اور ٹیکنالوجی سے متعلق ریسرچ کو سپانسر کر کے فروغ دے گا۔

معاہدے کی تقریب میں مسعود ظفر، صدر بی او پی نے یقین دہانی کرائی کہ وہ خواتین کو بااختیار بنانے اور کاروباری دنیا میں انکی شمولیت کے لئے پرعزم ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے لیفٹیننٹ جنرل انجینیئر جاوید محمود بخاری ہلال امتیاز-ملٹری ریٹائرڈ، ریکٹر نسٹ کے ساتھ اظہار تشکر کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ امید کرتے ہیں کہ یہ آنے والے کئی باہمی معاہدوں کا آغاز ہے۔ تقریب میں بی او پی اور نسٹ کے اعلیٰ ارکان نے شرکت کی۔